This question paper contains **4+2** printed pages]

Your Roll No.......................

7687

B.Com./I **E-I**

Paper V—URDU (A)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 100

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کوئی دو کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے: ۲۵

(الف)

حُسنِ بے پروا کو خود بیں و خود آرا کر دیا

کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنا کر دیا

بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بے تابیاں

ہم تو سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا

پڑھ کے تیرا خط مرے دل کی عجب حالت ہوئی

اضطرابِ شوق نے اک حشر برپا کر دیا

P.T.O.

(ج)

خورشید وہ دیکھو ڈوب گیا ظلمت کا نشاں لہرانے لگا

مہتاب وہ ہلکے بادل سے چاندی کے ورق برسانے لگے

وہ سانولے پن پر میداں کے ہلکی سی صباحت دوڑ چلی

تھوڑا سا ابھر کر بادل سے وہ چاند جبیں چھلکانے لگا

لو ڈوب گیا پھر بادل میں، بادل میں وہ خط سے دوڑ گئے

لو پھر وہ گھٹائیں چاک ہوئیں ظلمت کا قدم تھرانے لگا

بادل میں چھپا تو کھول دیئے بادل میں دریچے ہیرے کے

گردوں پہ جو آیا تو گردوں دریا کی طرح لہرانے لگا

سمٹی جو گھٹا تاریکی میں چاندی کے سفینے لے کے چلا

سنکی جو ہوا تو بادل کے گرداب میں غوطے کھانے لگا

ہم رہے یاں تک تری خدمت میں سرگرمِ نیاز
تجھ کو آخر آشنائے نازِ بے جا کر دیا
اب نہیں دل کو کسی صورت کسی پہلو قرار
اس نگاہِ ناز نے کچھ سحر ایسا کر دیا

(ب)

شوق سے ناکامی کی بدولت کوچہ دل ہی چھوٹ گیا
ساری امیدیں ٹوٹ گئیں، دل بیٹھ گیا، جی چھوٹ گیا
فصلِ گل آئی یا اجل آئی، کیوں درِ زنداں کھلتا ہے؟
کیا کوئی وحشی اور آ پہنچا یا کوئی قیدی چھوٹ گیا
لیجئے کیا دامن کی خبر اور دستِ جنوں کو کیا کہیے
اپنے ہی ہاتھ سے دل کا دامن مدت گذری چھوٹ گیا
منزلِ عشق پہ تنہا پہنچے، کوئی تمنا ساتھی نہ تھی
تھک تھک کر اس راہ میں آخر اک اک ساتھی چھوٹ گیا

۲۔ حسرتؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔ ۱۵

یا

شادؔ کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

جوشؔ کی انقلابی شاعری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

۳۔ کفن کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجئے۔ ۱۵

یا

سعادت حسن منٹو کی افسانہ نگاری پر روشنی ڈالئے۔

یا

''اپنے دکھ مجھے دے دو'' کے مرکزی کردار پر نوٹ لکھئے۔

۴۔ مکان خریدنے کے لئے بینک منیجر کے نام قرض کے لئے درخواست لکھئے۔ ۱۵

۵۔ مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے کوئی دس کے اردو مترادفات لکھیے: ۲۰

Natural increase, Natural order, Natural resources, Navy, Negative rent, Neo-classical, Neo-Marxism, Net amount, Net advantage, Net cost, Net surplus, Neutral market, New entrant, Nominal cost.

۶۔ مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف پانچ کو جملوں میں استعمال کیجیے: ۱۰

(۱) پانی پانی ہونا

(۲) بال کی کھال نکالنا

(۳) مٹھی گرم کرنا

(۴) زخم پر نمک چھڑکنا

(۵) دانت کھٹے کرنا

(۶) پاؤں اکھڑ جانا

(۷) پھولے نہ سمانا۔